پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما)

پیما سیکرٹریٹ۔دوسری منزل، شالیمار سنٹر، ایف ایٹ مرکز، اسلام آباد۔فون نمبر 2261943، فیکس 2857132

پیما کی سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کا آن لائن اجلاس

پریس ریلیز:19/اپریل 2020ء

پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما) کی سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کا آن لائن اجلاس ہفتہ کے روز منعقد ہوا۔جس کی صدارت مرکزی صدر پیما پروفیسر محمد افضل میاں نے کی۔اجلاس میں کورونا کے حوالے سے مہم میں حکومت کے ساتھ مکمل تعاون کا اعادہ کیا گیا اور کہا گیا کہ پیما کی تمام گائیڈ لائینز، ٹیلی میڈیسن سروس، ماہرین، ہسپتال اور تمام وسائل حکومتی معاونت کے لیے پیش کرتے ہیں۔اس موقع پر پیما کورونا ریلیف کی مختلف سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔پروفیسر محمد افضل میاں نے اپنی گفتگو میں مطالبہ کیا کہ کورونا کا پھیلاؤ روکنے کے لیے حکومت لاک ڈاؤن میں مزید سختی لائے۔علاوہ ازیں لاک ڈاؤن کے دوران ڈاکٹرز اور ایمرجنسی عملے کی نقل وحرکت میں سہولت پیدا کی جائے۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز اور طبی عملہ کورونا کے خلاف فرنٹ لائن پر خدمات جاری رکھیں گے۔پیما کے تحت اب تک ڈاکٹرز اور طبی عملے میں تقریباً دس ملین مالیت کی پندرہ ہزار حفاظتی کٹس اور دیگر سامان تقسیم کیا جاچکا ہے۔پیما کی فری ٹیلی میڈیسن سروس ''پیما ہیلتھ لائن'' سے اب تک 5 ہزار مریضوں نے استفادہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت اور غیر سرکاری ادارے طبی عملے کو حفاظتی کٹس کی فراہمی کا عمل مزید تیز کرے۔#

جاری کردہ

عبدالودود

میڈیا کوآرڈی نیٹر، پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن

0332-5564935